سوال

(350) مختلف اجناس پر عشر کی ادائیگی

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

علی کے پاس ایک مربع اراضی ہے جس پر بیک وقت مختلف قسم کے اجناس کاشت کیےگئے تھے۔ جب تمام فصل اٹھالی گئی تو کل ۳۰ من ہوئی۔ جس میں کچھ گندم، کچھ چنے، کچھ کپاس اور کچھ دالیں تھیں۔ تمام اجناس کی قیمتیں بھی مارکیٹ میں یکساں نہیں تھیں۔ کیا تمام اجناس میں سے عشر نکالنا ہوگا یا کسی ایک جنس میں سے ایک من بطورِ عشر دے دینا کافی رہے۔ (زمین چاہی تھی) (سائل: احسان الحق، یاروخیل، میانوالی۔ حالیہ سکونت لاہور)

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ایک موسم کی تمام جنسوں کو ملا کر عشر ادا کرنا چاہیے لیکن نسبت ادائیگی ہر جنس سے علیحدہ علیحدہ اس کے اپنے حساب سے ہوگی۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

جلد:3، کتاب الصوم: صفحہ:301

محدث فتویٰ